# معذوری کا قومی ایڈووکیسی فریم ورک
# (National Disability Advocacy Framework)
# 2022-25

# تعارف

معذوری کی ایڈووکیسی (وکالت) اس بات کو یقینی بنا کر معذور افراد کی حمایت کرتی ہے کہ ان کے حقوق کو برقرار رکھا جائے، انہیں فروغ دیا جائے اور ان کی قدر کی جائے۔ ایسا کرنے سے معذور افراد کو ان فیصلوں اور عمل میں فعال طور پر حصہ لینے کے قابل بنایا جا سکتا ہے جو ان کے حقوق، فلاح و بہبود اور مفادات کو آگے بڑھاتے ہیں۔ کچھ معذور افراد کے لیے اس سے مراد یہ ہے کہ ایڈووکیسی خدمات کے ذریعے ان کی زندگیوں کو متاثر کرنے والے فیصلوں میں حصہ لینے کے لیے انہیں معاونت دی جاتی ہے، خاص طور پر وہ فیصلے جو خدمات اور مدد تک رسائی حاصل کرنے اور اپنی کمیونٹیوں میں فعال طور پر شامل ہونے سے متعلق ہیں۔

National Disability Advocacy Framework 2022-25 (فریم ورک) کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری حکومتوں کے درمیان معذوری کی ایڈووکیسی کے لیے ایک مشترکہ عزم ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ملک بھر میں معذور افراد کو ایڈووکیسی کی خدمات تک رسائی حاصل ہو۔ یہ فریم ورک حکومتوں کو ایڈووکیسی خدمات اور معیارات کو ہم آہنگ بنانے کے لیے کام کرنے کی اجازت دے گا تاکہ معذور افراد کے لیے نتائج اور رسائی میں بہتری لانے کو یقینی بنایا جا سکے۔

2008 میں، معذوری کے وزراء نے کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری حکام سے قومی سطح پر ایک ایسا یکساں ایڈووکیسی فریم ورک تیار کرنے کی درخواست کی تھی جو انفرادی اور پورے نظام کی سطح پر ایڈووکیسی، مشترکہ تعریفوں اور مطلوبہ نتائج اور ڈیٹا کے مسائل کا احاطہ کرے۔ National Disability Advocacy Framework 2012 (2012 کا فریم ورک) میں معذور افراد کو ایڈووکیسی کی فراہمی کے سلسلے میں رہنمائی کے طور پر کلیدی مطلوبہ نتائج مرتب کیے گئے اور حکومتی امداد سے چلنے والے ایڈووکیسی پروگراموں میں زیادہ یکسانیت کو فروغ دیا گیا۔

آسٹریلیا کی معذوری کی حکمت عملی (Australia's Disability Strategy) *2021-2031* (حکمت عملی) کے نفاذ میں معاونت کے لیے 2012 کے فریم ورک پر معذور افراد کی مشاورت سے نظر ثانی کی جا رہی ہے۔ حکمت عملی اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ ایڈووکیسی لوگوں کے حقوق کا تحفظ کرنے اور کمیونٹی میں ان کی شمولیت اور شرکت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس حکمت عملی کے تحت تحفظ، حقوق اور انصاف کے نتائج کی شق ( Safety, Rights and Justice Outcome Area) اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ معذوری کی ایڈووکیسی معذور افراد کو ان کے حقوق کا تحفظ کرنے اور انہیں برقرار رکھنے کے قابل بنانے اور اس سلسلے میں ان کی مدد کرنے کا ایک اہم طریقہ ہے۔ نتائج کی اس شق کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ 'معذور افراد کے حقوق کو فروغ دیا جائے، ان کے حقوق کی فراہمی اور حفاظت کی جائے، معذور افراد خود کو محفوظ محسوس کریں اور انہیں قانون کے سامنے برابری حاصل ہو'۔ نتائج کا یہ بیان اس فریم ورک کا ایک بنیادی اصول ہے۔

# عمل درآمد

فریم ورک کو معذوری کی ایڈووکیسی کے ورک پلان کی حمایت حاصل ہوگی جو اس فریم ورک کے مقصد، اصولوں اور نتائج کے نفاذ میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ ورک پلان کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری حکومتوں کے مابین تیار اور نافذ کیا جائے گا۔ ورک پلان میں معذور افراد سے بات چیت کو مدنظر رکھا جائے گا اور جہاں مناسب ہوا، اسے حکمت عملی کے ٹارگیٹڈ ایکشن پلانز کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے گا۔

2025 میں اس فریم ورک کے ختم ہونے سے 12 ماہ قبل، اس میں تبدیلیوں پر غور کیا جائے گا اور ایسا کرتے ہوئے ایڈووکیسی ورک پلان پر پیشرفت اور معذور افراد کے ساتھ تشدد، بدسلوکی، نظراندازی اور استحصال پر بٹھائے گئے رائل کمیشن ( Royal Commission into Violence, Abuse, Neglect and Exploitation of People with Disability) میں کی گئی عوامی مشاورت اور رائل کمیشن کے نتائج کا احاطہ کیا جائے گا۔

## استدلال

معذور افراد کو اکثر اوقات ایسی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو معاشرے میں حصہ لینے کی ان کی صلاحیت کو کم کرتی ہیں، جس سے ان کی زندگی میں خراب نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ اس میں جسمانی، بات چیت کرنے، رویے سے متعلق، اقتصادی، اور نظام سے متعلقہ رکاوٹیں شامل ہیں۔ ایڈووکیسی معذور افراد کو ایسے فیصلے کرنے اور ان میں حصہ لینے کے لیے معاونت اور صلاحیت فراہم کرتی ہے جو ان کی زندگیوں پر اثرانداز ہوتے ہیں تاکہ ان کے حقوق کی ترویج اور تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

فریم ورک اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ کمیونٹی کے تمام افراد صنف، عمر، تعلیم، ملازمت، جنسی رجحان، جغرافیائی محل وقوع، سماجی و اقتصادی گروپ، نسلی اور ثقافتی پس منظر کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں معذوری اکثر اوقات اضافی نقصان اور بدنامی کا باعث بنتی ہے۔

اس فریم ورک کو ایک شخصی نقطۂ نظر اور حقوق کی بنیادوں پر تشکیل دیا گیا ہے، جس کے تحت پالیسیاں اور پروگرام انفرادی ضروریات اور امنگیں پوری کرنے اور معذور افراد کے حقوق کی عکاسی کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

## مقصد

اس دوران جبکہ طویل مدتی ہدف رکھنے والی حکومتوں کو آسٹریلیا میں معذوری کی ایڈووکیسی کی فراہمی کے لیے کوشش کرنی چاہیے، اس فریم ورک کے ذریعے فریقین درج ذیل مقصد کا عہد کرتے ہیں:

*معذور افراد کو معذوری کی ایسی مؤثر ایڈووکیسی تک رسائی حاصل ہو جو ان کے تمام انسانی حقوق کو فروغ دے، ان کے حقوق کی حفاظت کرے اور ان حقوق سے معذور افراد کی مکمل اور مساوی افادیت کو یقینی بنائے اور اس طرح کمیونٹی کی مکمل شرکت اور شمولیت ممکن بنے۔*

## اصول و ضوابط

فریم ورک درج ذیل سے آگاہی کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا ہے اور ان کے نفاذ کی حمایت کرتا ہے:

- *معذور افراد کے حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کا کنونشن (United Nations Convention on the Rights of Persons with Disabilities)*
- *معذوری سے متعلق امتیاز کا ایکٹ (Disability Discrimination Act) 1992*
- *آسٹریلیا کی معذوری سے متعلق حکمت عملی (Australia's Disability Strategy) 2021-2031*
- *Closing the Gap National Agreement.*
- *NDIS کا معیارات اور حفاظت کا فریم ورک (NDIS Quality and Safeguarding Framework)*
- *معلوماتی روابط اور صلاحیت سازی کا پروگرام (Information Linkages and Capacity Building program)*

اس فریم ورک کے فریقین معذور افراد کے لیے ایڈووکیسی کی فراہمی کی غرض سے معذوری کی ایڈووکیسی کے درج ذیل قومی اصولوں کو بطور رہنمائی قبول کرتے ہیں اور انہیں اپناتے ہیں:

**حقوق اور صلاحیت کا اندازہ**

- تمام لوگوں کو بدسلوکی، نظرانداز کیے جانے اور امتیازی سلوک سے آزاد رہنے کا حق حاصل ہے۔
- تمام لوگوں کو کسی بھی شکوے یا شکایت کی پیروی کرنے کا حق حاصل ہے۔
- تمام لوگوں کو پرائیویسی، وقار اور رازداری کا حق حاصل ہے۔
- تمام بالغوں کو مساوی حق حاصل ہے کہ وہ ایسے فیصلے کر سکیں جو ان کی زندگیوں پر اثرانداز ہوتے ہیں، اور یہ کہ ان فیصلوں کا احترام کیا جائے۔
- معذور بچوں اور نوجوانوں کو ان کی زندگیوں پر اثر انداز ہونے والے فیصلوں میں، کسی بھی طور سے، حصہ لینے کا حق حاصل ہے۔

- معذوری کے حامل بالغ افراد کے بارے میں یہ خیال کیا جائے کہ وہ اپنی زندگی کے تمام پہلوؤں کو متاثر کرنے والے فیصلے کرنے اور ان میں حصہ لینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

**معاونتوں تک رسائی**

- معذور افراد کے لیے موثر اور مناسب بات چیت کی سہولت فراہم کرنا معذوری کی ایڈووکیسی کا ایک لازمی جزو ہے۔
- ایسے معذور افراد جنہیں فیصلہ سازی میں معاونت کی ضرورت ہو، ان کی زندگی پر اثرانداز ہونے والے فیصلے کرنے کے دوران ان کی مرضی، ترجیحات اور حقوق کو مدنظر رکھا جائے۔

**شرکت اور شمولیت**

- معذوری کی ایڈووکیسی معاشرے میں معذور افراد کی مکمل اور موثر شرکت اور شمولیت کو فروغ دینے کے لیے ایک ضروری ذریعہ ہے۔

**انصاف**

- جب معذور افراد کو ان کے حقوق استعمال کرنے میں معاونت درکار ہو تو معذوری کی ایڈووکیسی میں قانونی مشورہ اور نمائندگی شامل ہوتی ہے ۔

**انفرادی نقطۂ نظر**

- 'ہمارے بارے میں ہمارے بغیر کچھ نہیں' کے اصول کے تحت معذور افراد کے حامیوں (ایڈووکیٹس)کو:
  - یہ یقینی بنانا چاہیے کہ انفرادی آوازیں سنی اور سمجھی جاتی ہیں
  - چاہیے کہ وہ افراد کو بااختیار بنائیں کہ وہ اپنی طاقتوں کو شناخت کرتے ہوئے اپنی آواز کو استعمال کریں، اور ان طاقتوں کے ذریعے فیصلوں اور نتائج میں اپنی شمولیت کو، جتنا ہو سکے، ممکن بنائیں؛ اور
  - چاہیے کہ وہ افراد کو اپنی ایڈووکیسی آپ کرنے کی تعلیم دے کر آزادی کو فروغ دیں۔

**ایبوریجنل اور ٹورس اسٹریٹ آئی لینڈ کے معذور افراد**

- Closing the Gap National Agreement کے مطابق ایبوریجنل اور ٹوس اسٹریٹ آئی لینڈ کے معذور افراد کے لیے درج ذیل کو یقینی بنانا:
  - معذوری کی ایڈووکیسی کے ڈیزائن اور نفاذ میں مدد کے لیے شراکت داری اور مشترکہ فیصلہ سازی کے عمل کو لاگو کیا گیا ہے
  - کمیونٹی کنٹرولڈ سیکٹر کو ایڈووکیسی فراہم کرنے کے لیے مضبوط کیا گیا ہے
  - غیر انڈیجنس معذوری کی ایڈووکیسی کی صلاحیتوں اور ثقافتی تحفظ کو تقویت ملی ہے؛ اور
  - معذوری کی ایڈووکیسی میں تعاون، نفاذ اور نگرانی کرنے کے لیے مقامی طور پر متعلقہ ڈیٹا اور معلومات تک رسائی اور انہیں استعمال کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

**Intersectionality اور تنوع کا احترام**

- معذور افراد کے تنوع کا احترام کیا جاتا ہے، جب وہ اپنی عمر، جنس، ثقافت، ورثے، زبان، عقیدے، جنسی شناخت، رشتے کی حیثیت اور دیگر متعلقہ عوامل کی وجہ سے امتیازی سلوک اور نقصانات کی اضافی صورتوں سے متاثر ہوتے ہیں۔

**حفاظتی تدابیر**

- معذور افراد کے حقوق کو فروغ دیا جاتا ہے، انہیں برقرار رکھا جاتا ہے اور ان کا تحفظ کیا جاتا ہے اور معذور افراد خود کو محفوظ محسوس کرتے ہیں اور انہیں قانون میں برابری کا درجہ حاصل ہے۔
- افراد کو مدد دی جاتی ہے کہ وہ ایسی صورتحال کی شناخت کر سکیں اور اسے سمجھ سکیں جب وہ تشدد، بدسلوکی، نظرانداز کیے جانے اور استحصال کا شکار ہوں اور یہ کہ وہ یہ جانتے ہوں کہ ان تجربات کا سامنا ہونے کی صورت میں وہ کیا اقدامات کر سکتے ہیں۔

# نتائج

اس فریم ورک کے مطابق فراہم کی جانے والی معذوری کی ایڈووکیسی معاونتیں درج ذیل نتائج کے حصول میں کردار ادا کریں گی:

- معذور افراد کو دیگر تمام آسٹریلوی باشندوں کی طرح حقوق اور آزادی حاصل ہے۔
- معذور افراد کو زیادہ انتخاب اور کنٹرول حاصل ہے اور وہ زیادہ تندرست ہیں، وہ فیصلے کرنے کے اپنے حقوق کو استعمال کرتے ہیں، فیصلہ سازی کے ان تمام عملوں میں شامل ہوتے ہیں جو ان کی زندگیوں کو متاثر کرتے ہیں، اور انہیں ایسی مدد تک رسائی حاصل ہے جس کی انہیں فیصلے کرنے کے لیے ضرورت ہے۔
- معذور افراد ہماری کمیونٹیز کی شہری، سیاسی، معاشی، سماجی اور ثقافتی زندگی کے تمام پہلوؤں میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔
- اس بات سے قطع نظر کہ وہ کہاں رہتے ہیں، معذور افراد معیاری اور آزاد ایڈووکیسی معاونت تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- معذوری کے شکار افراد، بشمول وہ لوگ جو متعدد معذوریوں کا سامنا کر رہے ہیں، کو معذوری کی معاونتوں اور خدمات اور/یا مرکزی دھارے کی خدمات اور سہولیات سے مؤثر بات چیت اور ان تک رسائی حاصل کرنے میں مدد دی جاتی ہے، بشمول انصاف اور قانونی وکالت تک مددگار، لچکدار اور بروقت رسائی۔
- ایبوریجنل اور ٹورس اسٹریٹ آئي لینڈ کے معذور افراد کو زیادہ مواقع حاصل ہوں گے کہ وہ ایڈووکیسی کو ڈیزائن اور ڈیلیور کرنے کے بارے میں رائے دیں؛ انہیں ثقافتی اور لسانی لحاظ سے مناسب، اور ثقافتی طور پر محفوظ، معذوری کی ایڈووکیسی تک رسائی حاصل ہوگی، بشمول کمیونٹی کے زیر کنٹرول ان تنظیموں تک رسائی جو معذوری کی ایڈووکیسی فراہم کرتی ہیں؛ اور انہیں مقامی طور پر متعلقہ ڈیٹا اور معلومات تک رسائی حاصل ہوگی اور وہ اسے استعمال کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں گے۔
- ثقافتی اور لسانی لحاظ سے متنوع کمیونٹیز کو ثقافتی اور لسانی لحاظ سے مناسب اور ثقافتی طور پر محفوظ معذوری کی ایسی ایڈووکیسی تک رسائی حاصل ہے جو متعلقہ مقامی کمیونٹیز کی شمولیت اور رائے کو نمایاں کرتی ہے۔
- معذور افراد کے پاس معاونت اور خدمات کے بارے میں اپنے خیالات اور خواہشات کا اظہار کرنے کے بہت سے طریقے ہیں، وہ اس بات کا اندازہ لگانے میں فعال کردار ادا کرتے ہیں کہ حالات کس طرح بہتر ہوں گے، اور وہ خریدی یا استعمال کی گئی معاونتوں یا خدمات کے سلسلے میں رائے دیتے ہوئے یا ان کے بارے میں شکایت کرتے وقت شکایات کے طریقہ کار اور آزادانہ مدد اور مشورے تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- انفرادی ایڈووکیسی خدمات حاصل کرنے والے معذور افراد کی آبادیات (demographics) ان کمیونٹیز کے تنوع کی عکاسی کرتی ہیں جن میں ایجنسیاں کام کر رہی ہیں۔
- معذور افراد کو معذوری سے متعلق اور ان پر اثر انداز ہونے والی حکومت کی وسیع تر پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات کی تیاری، فراہمی اور جائزے کے تمام پہلوؤں میں فعال طور پر شامل ہونے کا موقع ملتا ہے۔
- معذوری کے شکار لوگوں کی راہ میں حائل رکاوٹوں، معذوری سے وابستہ شرمندگی اور ایڈووکیسی معاونتوں کی موجودگی اور ان کی قدروقیمت کے بارے میں کمیونٹی کی آگاہی میں اضافہ ہوا ہے۔

## تعریفیں

**معذوری کی ایڈووکیسی** معذور افراد کو فیصلہ سازی کے اس عمل میں حصہ لینے کے قابل بناتی ہے جو ان کے انسانی حقوق کی حفاظت کرتا ہے اور ان میں اضافہ کرتا ہے۔

**انفرادی ایڈووکیسی** غیر منصفانہ سلوک یا بدسلوکی کے واقعات کو روکنے یا ان سے نمٹنے کے لیے ایک پیشہ ور وکیل، رشتہ دار، دوست یا رضاکار کے ذریعے اختیار کردہ انفرادی طریقۂ کار۔

**نظام کی ایڈووکیسی** میں طویل مدتی سماجی تبدیلی کے لیے کام کرنا شامل ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ معذور افراد کے اجتماعی حقوق اور مفادات کو قانون سازی، پالیسیوں اور طریقوں کے ذریعے پورا کیا جائے۔

**اپنی ایڈووکیسی آپ** سے مراد یہ ہے کہ کوئی معذور شخص اپنی بات کرے اور اپنی نمائندگی خود کرے۔ اپنی ایڈووکیسی کے لیے معاونت اور تربیت کمیونٹی پر مبنی گروپس کے ذریعے دستیاب ہے۔

## ذمہ داریاں، اصلاحات اور پالیسی ہدایات

- اس فریم ورک سے اتفاق کرتے ہوئے کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری حکومتیں اپنے دائرہ اختیار میں معذوری کی ایڈووکیسی کی ذمہ داری اٹھانے کا عہد کر رہی ہیں۔ ایڈووکیسی کے ہر پروگرام کو کس طرح تیار کیا جاتا ہے، کیسے فنڈ فراہم کیا جاتا ہے اور اسے کیسے منظم کیا جاتا ہے، اس بارے میں فیصلہ اور ذمہ داری فنڈ دینے والی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔

- اس فریم ورک سے اتفاق کرتے ہوئے کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری حکومتیں پورے آسٹریلیا میں معذوری کی ایڈووکیسی کے ایک مؤثر نیٹ ورک کے حصول کے لیے مل کر کام کرنے کا عہد کر رہی ہیں۔ اس میں معذوری کے ایڈووکیٹس کی استعداد کار میں اضافہ اور قومی سطح پر مساوی رہنما خطوط اور عمل کی تیاری شامل ہے۔

- اس فریم ورک سے اتفاق کرتے ہوئے کامن ویلتھ، سٹیٹ اور ٹیریٹری حکومتیں درج ذیل کا عہد کر رہی ہیں:

  - اس بات کو یقینی بنانا کہ معذور افراد پر اثرانداز ہونے والی پالیسی اور اصلاحات ڈیزائن اور لاگو کی گئی ہیں اور ان کے ڈیزائن میں معذور افراد نے مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ اس میں شخصی نقطۂ نظر اور مشترکہ ڈیزائن کے اصول شامل ہیں۔

  - اس فریم ورک کے مقاصد اور نتائج کو حاصل کرنے کے لیے معذوری کی ایڈووکیسی کی فراہمی کے لیے جاری پالیسی اور اصلاحات کی ہدایات۔

  - معذور افراد کے حقوق اور معذوری کی ایڈووکیسی کی اہمیت کے بارے میں معذوری کے تمام تر شعبے اور کمیونٹی میں بیداری پیدا کرنا۔

  - یقینی بنانا کہ معذوری کی ایڈووکیسی کے لیے فنڈنگ شفاف، منصفانہ اور قابل جوابدہی ہے، اور جغرافیائی کوریج اور خدمات کے خلاء کی نشاندہی کی گئی ہے اور ان کو دور کیا گیا ہے۔

  - معذوری کی ایڈووکیسی کے نظم وانتظام اور منصوبہ بندی اور خدمات کے نظام کی بہتری کے لیے شواہد پر مبنی ڈیٹا جمع کرنا، استعمال کرنا اور رپورٹ کرنا۔

  - معذوری کی ایڈووکیسی کرنے والی تنظیموں، معذوری کی خدمات، National Disability Insurance Agency، مرکزی دھارے کی خدمات، کمیونٹی پر مبنی خدمات اور حکومتوں کے درمیان ہم آہنگی اور مواصلات کو بہتر بنانا تاکہ معذوری کے شعبے کی مجموعی صلاحیت کو بڑھایا جا سکے، بشمول انفرادی اور نظامی ایڈووکیسی کے درمیان روابط کو فروغ دینا۔

  - ایڈووکیسی کو Closing the Gap National Agreement ترجیحی اصلاحات کے مطابق قائم کرنا۔